Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ شوال سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۵ء	نمبر ۲۰

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم مئی سنہ ۱۹۲۵ء

چونکہ دکان خوانچیان اسوقت زیر انتظام سرکاری ہر مطالبہ سرکاری اُس سے وصول کیا جانا مقدم ہے اس لئے منظور کیا جاتا ہے کہ تا بیباقی مطالبہ سرکار بمقابلہ دکان جو ڈگری دائیان ہو اُسکا اجرا دکان نہو سکیگا اور یہ زمانہ میعاد اجرا مین مجرا ملیگا۔

کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری کے پاس بھیجے جائیں۔
دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقل روبکار اجلاس ہمایون درج گزٹ ہو۔ اور جملہ عدالتہائے صدر ومفصل مین بھی نقل بھیجی جائے۔ اور بعد تعمیل ابتدائی کاغذات کو بذریعہ نوٹ پیش کرین۔ ۹ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

بموجب صراحت رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشیخانہ جات نے یہ رپورٹ کی کہ ضلع مرادآباد مین بموجب قواعد پونڈ مویشیخانہ جات کی بابت یہ عمل ہے کہ جو مویشی عدالت دیوانی یا مال سے بعلت اجراء ڈگری وغیرہ قرق ہوکر داخل مویشی خانہ ہوتے ہین۔ نیز وہ مویشی جو بحالت مشتبہ ذریعہ پولیس گرفتار ہوکر داخل مویشی خانہ ہوتے ہین اور بصورت لادعوے عدالت کے حکم سے نیلام ہوتے ہین اُنپر علاوہ خرچ خوراک مویشی کے پندرہ روز کی فیس مویشی بطور کرایہ مکان مویشی خانہ وصول کی جاتی ہے ریاست ہذا مین بھی مثل ضلع مرادآباد کے فیس مویشی بطور کرایہ مکان مویشی خانہ وصول کئے جانے کا انتظام فرمایا جائے چنانچہ اس معاملہ مین جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے مشورہ کیا گیا۔ صاحب موصوف کو اُن مویشیوں کی بابت جو اجراء ڈگری میں عدالت دیوانی سے داخل مویشی خانہ ہوں علاوہ خرچ خوراک کے فیس مویشی خانہ بطور کرایہ مکان مویشی خانہ لئے جانے سے اتفاق ہے۔ لیکن جو مویشی لاوارث عدالت فوجداری یا پولیس سے داخل مویشی خانہ ہوتی ہیں اُن کی بابت فیس مویشی خانہ لئے جانے کی رائے نہیں ہے۔ لہذا جملہ کاغذات متعلقہ منسلک عرضداشت ہذا حضور انور واقدس میں پیش ہیں۔ اُمید کہ پیشگاہ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم سے اُن مویشیوں کی بابت جو اجراء ڈگری میں عدالت دیوانی سے داخل مویشی خانہ ہوں علاوہ خرچ خوراک کے فیس مویشی خانہ بطور کرایہ مکان مویشی خانہ پندرہ روزہ حسب مندرجہ فہرست لئے جانے کی بابت حکم نفاذ پاوے اور بذریعہ مشتہری گزٹ اعلان فرمایا جاوے۔

والادب۔ دولت جاوید باد۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

کثرت سے حسابات خفیف خفیف رقموں کے بغرض مجرائی آتے ہین جن کے باعث صیغہ جات متعلقہ سررشتہ آڈٹ۔ اجلاس ہمایون اور خزانہ میں کام بڑھ جاتا ہے اور کاغذ بھی بیکار صرف ہوتا ہے۔ اس لئے یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ آئندہ خفیف خفیف رقموں کے جمع خرچ نہ بھیجے جایا کریں بلکہ ایسے خفیف مصارف یکجا ہوکر ماہواری حساب میں درج ہوکر آیا کریں۔ تاجس طرح آسانی ہو کارروائی کی جاوے

حکم ہوا کہ

نقول روبکار جملہ صاحبان سکریٹری بہادر اور صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس مرسل ہوں اور درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۹ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

بعض حسابات میں تفصیل رقم نزولات نہونے سے یہ صورت پیش آتی ہے کہ کسی حساب کے متعلق رقم نزولات سوداگران کو پہلے ادا کردی جاتی ہے۔ اور چونکہ حساب میں اُس کا اندراج نہیں ہوتا جس کی وجہ سے حساب مجرا ہوکر خزانہ سے بھی رقم کر رسد سوداگر کو پہنچتی ہے۔ اور وہ سوداگر اپنی نیک نیتی سے رقم کو واپس کردیتا ہے۔ جیسا کہ حال میں ایسا ایک واقعہ پیش آیا۔ اس امر کی اصلاح کے لئے آئندہ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ صیغہ داران جب کوئی حساب بنائیں اور نزولات سے اُس میں صرف کیا گیا ہو تو یہ کہ اس قدر رقم سیاہہ نزولات ہوگی اور اس قدر نقد لی جائے گی لکھ دیا کریں۔ سررشتہ آڈٹ میں اس امر کی جانب بھی نظر رکھی جائے اور ہر حساب کے متعلق فارم پاس آڈٹ کے ساتویں خانہ میں رقم سیاہہ نزولات اور نقد کی تفصیل مزید کردی جائے۔ اور جب حساب میں صیغہ دار نے ایسی تفصیل نہ کی ہو تو آڈٹ کا یہ فرض ہے کہ اُس کی تکمیل کرالے۔

حکم ہوا کہ

اس روبکار کی نقلیں جملہ صاحبان سکریٹری بہادر اور صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ آڈٹ وخزانہ کو بذریعہ صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر اطلاع دیجائے۔ اور درج گزٹ ہو۔ بعد اجراء احکام یہ روبکار اجلاس ہمایوں میں رہے۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۱؍ مئی ۱۹۲۵ء

مثل ملاحظہ ہوئی۔ منشی شبیر احمد خاں اگزیکیٹو انجینیر ۱۷؍ جون ۱۹۱۰ء کے ملازم ہیں اور یکم نومبر ۱۹۱۵ء سے مستقل ملازم ہوئے۔ اس سے قبل غیر مستقل سروس رہی۔ اور منشی محمد حسین خاں اگزیکیٹو انجینیر کی علحدگی کے بعد سے دوم اگزیکیٹو انجینیر مقرر ہوئے۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت نے اپنی عرضداشت ۲۹؍ جنوری ۱۹۲۵ء میں صاحب اگزیکیٹو انجینیر کے سبکدوشی کے بعد اگزیکیٹو انجینیر مستقل کی بھی استدعا کی تھی۔ بحکم ۱۱؍ اپریل ۱۹۲۵ء اضافہ تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار کا تو حکم ہوگیا مگر مستقلی کا حکم تحریر سے رہ گیا لہذا حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت منشی شبیر احمد خاں کو بجائے اگزیکیٹو انجینیر مستقل کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۱؍ مئی ۱۹۲۵ء

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۴؍ مئی ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر۔ مزید رخصت چار ماہ سید اختر حسین محرر محافظ خانہ صدر کی یکم اپریل ۱۹۲۵ء سے جولائی سنہ رواں تک بانتظام سابقہ منظور کی گئی۔

۹؍ مئی ۱۹۲۵ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست۔ حاجی حسین گرداور قانونگو تحصیل کی رعایتی رخصت یکماہ بوجہ علالت منظور کی گئی۔ رخصتی کا کام ہدایت علی نائب رجسٹرار قانونگو تحصیل ملک سے لیا جائیگا

۱۴؍ مئی ۱۹۲۵ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ دس روز کی رعایتی رخصت کورٹ انسپکٹر صاحب کی منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں سلیمان علی سب انسپکٹر کورٹ کام انجام دینگے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت
۱۲؍ مئی ۱۹۲۵ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم - آٹھ روز کی رخصت سید اعجاز علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی منظور ہوئی

۱۳؍ مئی ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک۔ منشی علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ملک کی مزید رخصت یکماہ ۴؍ مئی ۱۹۲۵ء سے بانتظام موجودہ منظور کی گئی۔ نصف تنخواہ سیاہہ سرکار ہوگی۔ اور نصف کام کرنیوالے کو دیجائیگی

تقرر
۱۳؍ مئی ۱۹۲۵ء

سید مشرف علی ولد سید اشرف علی ساکن باغ پختہ کا تقرر ہائی اسکول میں بعہدہ ڈرل ماسٹر پندرہ روپیہ ماہوار پر کیا گیا۔ نامبردہ کو تنخواہ بعد ختم تعطیل کلان یوم کارگذاری سے ملیگی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
رخصت
۳۰؍ اپریل ۱۹۲۵ء

حسب درخواست منشی احسان اللہ خان جمع خرچ نویس اجلاس ہذا۔ مزید رخصت دس یوم بوجہ بقائے علالت بانتظام سابقہ منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر
اضافہ
۱۴؍ مئی ۱۹۲۵ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر منشی رام سروپ اہلمد سررشتہ دیوانی صیغہ مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

تصحیح
گزٹ نمبر ۱۷ مطبوعہ ۲۷؍ اپریل ۱۹۲۵ء کے صفحہ ۲ کالم اول میں جو حکم اجلاس ہمایون محکومہ ۱۱؍ اپریل ۱۹۲۵ء بابت منظوری اضافہ احمد سعید صاحب سپرنٹنڈنٹ چراں طبع ہوا ہے۔ اسمیں بیس روپیہ اضافہ منظور شدہ کے علاوہ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کی استدعا کا دوسرا جزو (یعنی تین سال کے بعد سال دس روپیہ ماہوار اضافہ) جسکی منظوری حکم اجلاس ہمایون میں نہیں ہے شامل حکم منظوری ہوکر طبع ہوگیا ہے۔

حکم اجلاس ہمایون یہ ہے

منشی احمد سعید سپرنٹنڈنٹ چراں کی موجودہ تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو احکام ضابطہ جاری ہوں۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔

اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف .... ۱۲ روپے ۸/

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس میں خداوند عالم کے وجود اُس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک .... ۱۲ روپے ۸/

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ۸/

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰ مئی لغایت ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ماہر	۰	۶ ۰ ماہر		۰	۶ ۰ ۱ ماہر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸ ماہر	۰	۸ ماہر	۰	۰	۸ ماہر	
نخود کسہ آمیز	۸ ۰ ماہر	۰	۹ ماہر	۰	۰	۸ ۰ ماہر	
کنگنی	۸ ۰ ماہر	۰	۹ ماہر	۰	۰	۹ ماہر	
ماش	۶ ماہر	۰	۶ ماہر	۰	۰	۶ ماہر	
مونگ	۶ ماہر	۰	۰	۰	۰	۶ ماہر	
مکئی	۸ ماہر	۰	۸ ماہر	۰	۰	۰	
جَو	۹ ماہر	۰	۱۰ ماہر	۰	۰	۱۰ ماہر	
گوجئی	۹ ماہر	۰	۱۰ ماہر	۰	۰	۱۰ ماہر	
مسور	۸ ماہر	۰	۱۰ ماہر	۰	۰	۸ ماہر	
ارہر	۱۰ ماہر	۰	۱۱ ماہر	۰	۰	۱۰ ۰ ماہر	
برنج	۳ ماہر	۰	۳ ۰ ماہر	۰	۰	۳ ۰ ماہر	
روغن زرد	ے چھٹانک	۰	چھٹانک	۰	۰	[illegible] چھٹانک	
روغن سیاہ	۲ ماہر	۰	۲ ماہر	۰	۰	۱۰ ماہر	
روغن کنجد	۱ ماہر	۰	۰			۱ ماہر	
نمک سانبھر	۱۱ ماہر	۰	۱۱ ماہر	۰	۰	۱۱ ماہر	
نمک لاہوری	۶ ماہر	۰	۶ ماہر	۰	۰	۷ ماہر	
قند سیاہ	۳ ماہر	۰	۳ ماہر	۰	۰	۳ ماہر	
باجرہ	۶ ماہر	۰					

نقشہ گوشوارہ حیات ممات علاقہ ریاست رامپور [illegible]

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل متوفی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سے زیادہ: مرد	۱۲ سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	زیر گرداب یا جانور درندگی	طاعون	از خانہ نمبر ۹ تا خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۶	۵	۱۳	۸	۴۲	۲۹	۱۳	۲۸	۲۱	۷	۴	۱۵	۱۳	۶۰	۴۱	۸۴	۱۷	۱	۷۶	۰	۳۱	۰	۰	۰	۱۰۱	
گنج	۲۶	۴	۸	۳	۳۱	۳۶	۷	۱۶	۱۳	۵	۳	۹	۱۰	۳۰	۲۶	۵۱	۵	۰	۳۳	۰	۲۳	۰	۰	۰	۵۶	
حوالی شہر	۱۷	۱۵	۱۵	۱۴	۹۳	۳۲	۳۱	۱۵	۴	۰	۱	۲۱	۱۱	۳۶	۱۷	۲۹	۲۶	۰	۰	۵۲	۰	۰	۰	۰	۵۲	
عظیم نگر	۵۱	۳۲	۳۹	۲۸	۱۵۱	۹۰	۶۱	۷	۸	۶	۴	۲۶	۱۶	۳۹	۳۸	۴۰	۲۷	۰	۰	۰	۶۷	۰	۰	۰	۹۷	
شاہ آباد	۱۷	۴۹	۹	۳۰	۹۵	۲۶	۶۹	۲۶	۱۸	۲	۵	۱۷	۱۳	۴۵	۳۷	۲۷	۵۵	۰	۲۹	۰	۵۳	۰	۰	۰	۸۲	
پٹوائی	۹	۳۱	۱۹	۳۶	۱۰۵	۲۸	۵۷	۱	۴	۲	۳	۸	۱۰	۱۱	۱۷	۵	۳۳	۰	۰	۰	۲۸	۰	۰	۰	۲۱	
ملک	۱۱	۴۲	۷	۳۸	۱۲۸	۱۸	۱۱۰	۵	۷	۱	۳	۲۹	۲۳	۲۵	۳۳	۹	۵۹	۰	۰	۰	۶۱	۰	۰	۰	۶۸	
بلاسپور	۱۶	۱۵	۱۳	۵	۵۲	۳۲	۲۰	۷	۶	۵	۰	۳۳	۱۰	۴۳	۱۸	۳۵	۲۶	۰	۰	۰	۵۱	۰	۰	۰	۶۱	
کیمری	۱۵	۴۱	۱۳	۴۳	۱۱۳	۲۹	۸۴	۴	۶	۴	۲	۴۴	۱۳	۳۲	۲۱	۱۵	۳۸	۰	۲	۰	۱	۰	۰	۰	[illegible]	
سوار	۱۶	۲۸	۱۱	۲۶	۸۱	۴۴	۳۷	۲	۰	۱	۳	۲۷	۱۵	۳۰	۱۸	۲۸	۲۰	۰	۰	۴۸	۲	۰	۰	[illegible]	[illegible]	
ٹانڈہ	۱۹	۱۱	۱۳	۱۶	۶۰	۳۳	۲۷	۵	۳	۱	۳	۱۵	۸	۲۱	۱۲	۱۵	۲۰	۰	۰	۰	۳۱	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
میزان	۲۱۶	۲۹۴	۲۹۲	۲۵۹	۱۰۶۱	۳۹۵	۵۳۴	۱۳۴	۹۳	۳۳	۳۱	۲۳۴	۱۳۲	۲۸۲	۲۹۱	۳۳۵	۳۱۶	۰	۱۳۶	۱۰۰	۳۴۸	۰	۰	[illegible]	[illegible]	